## سوال

(832) ثواب کی نیت سے بیس تراویح پڑھنے میں کوئی حرج تو نہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسجدِ حرام میں بیس تراویح باجماعت ادا کی جاتی ہیں۔ انسان اگر ثواب کی نیت سے بیس تراویح پڑھ لے تو اس میں کوئی حرج تو نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سُنّیت کے اعتقاد سے صرف آٹھ تراویح ہیں۔ عام نوافل کی حیثیت سے انسان بلاقید زیادہ بھی پڑھ لے تو کوئی حرج نہیں۔ حدیث میں ہے:

'فَاَعِنِّی عَلٰی نَفْسِکَ بِکَثْرَةِ السُّجُوْدِ' (صحیح مسلم، بَابُ فَضْلِ السُّجُودِ وَالْحَثِّ عَلَیْہِ، رقم: ۴۸۹)

''یعنی نوافل کثرت سے پڑھ۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 705**

محدث فتویٰ